## سوال

(28) اگر بجائے دو سجدوں کے سہواً ایک سجدہ ہو جائے تو کیا سجدہ سہو لازم ہو گا یا اعادہ رکعت کا۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی رکعت میں سہواً بجائے دو سجدوں کے ایک سجدہ ہو جائے تو کیا سجدہ سہو لازم آئے گا یا رکعت کا اعادہ لازم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دو سجدوں میں سے ایک سجدہ رہ جائے، تو جس رکعت میں رہا ہے وہاں سے نماز شروع کرے۔ جس کی صورت یہ ہے کہ ایک سجدہ پہلے ہو چکا ہے ایک اور کر کے اس کے بعد کی رکعتیں پڑھ لے، پھر اخیر میں التحیات کے بعد سلام سے پہلے یا بعد سجدہ سہو کرے۔ کیونکہ دونوں سجدے رکن ہیں ایک چھوٹنے سے نماز نہیں ہوتی۔ نماز کے مفصل مسائل ہماری کتاب ''تعلیم الصلوٰۃ'' میں پڑھیں۔

## فتاویٰ علمائے حدیث

## جلد 3 ص 146

## محدث فتویٰ